www.KitaboSunnat.com

مترجم

کنز العرفان اردو ترجمہ

مع

مثنوی شعر القرآن منظوم پنجابی ترجمہ

از قلم

پروفیسر محمد عنایت اللہ

ناشر: شعر القرآن منزل

24۔ حافظ ٹاؤن ایم اے جناح روڈ اوکاڑہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اَلرَّحِيْمُ	اَلْمَلِكُ	اَلْقُدُّوْسُ	اَلسَّلَامُ	اَلْمُؤْمِنُ	اَلْمُهَيْمِنُ	اَلْعَزِيْزُ
اَلْوَهَّابُ	اَلرَّزَّاقُ	اَلْفَتَّاحُ	اَلْعَلِيْمُ	اَلْقَابِضُ	اَلْبَاسِطُ	اَلْخَافِضُ
اَللَّطِيْفُ	اَلْخَبِيْرُ	اَلْحَلِيْمُ	اَلْعَظِيْمُ	اَلْغَفُوْرُ	اَلشَّكُوْرُ	اَلْعَلِيُّ
اَلْجَلِيْلُ	اَلْكَرِيْمُ				اَلرَّقِيْبُ	اَلْمُجِيْبُ
اَلْبَاعِثُ	اَلشَّهِيْدُ				اَلْحَقُّ	اَلْوَكِيْلُ
اَلْمُحْصِيُ	اَلْمُبْدِئُ				اَلْمُعِيْدُ	اَلْمُحْيِيُ
اَلصَّمَدُ	اَلْقَادِرُ	اَلْمُقْتَدِرُ	اَلْمُقَدِّمُ	اَلْمُؤَخِّرُ	اَلْاَوَّلُ	اَلْاٰخِرُ
اَلْعَفُوُّ	اَلرَّؤُفُ	مَالِكُ	اَلْمُلْكِ	ذُوالْجَلَالِ	وَالْاِكْرَامِ	اَلْمُقْسِطُ
اَلنُّوْرُ	اَلْهَادِيْ	اَلْبَدِيْعُ	اَلْبَاقِيْ	اَلْوَارِثُ	اَلرَّشِيْدُ	اَلصَّبُوْرُ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

استدعا

قرآن مجید کے پرنٹر و پبلشر ہونے کے ناطے ہماری ہر ممکن کوشش کی ہے کہ قرآن کریم کے کسی بھی نسخے میں طباعت کی معمولی سی بھی غلطی نہ رہنے پائے، اس مقصد کے حصول کیلئے پہلے کتابت کی تصحیح بڑی احتیاط اور کاوش سے کروائی ہے ۔ پھر بھی ہر ایڈیشن کی طباعت سے پہلے پورے قرآن پاک کی پروف ریڈنگ بھی کروائی ہے اس احتیاط کے باوجود اگر چھپائی کے دوران کوئی زبر، زیر، پیش، جزم، نقطہ، تشدید یا مد ٹوٹ جائے تو اسے قرآن کریم کے عربی متن میں دانستہ تبدیلی سے تعبیر نہیں کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی ہزاروں کی تعداد میں چھپنے والی مطبوعات میں ایسی کوئی نادانستہ لغزش قابل گرفت و موخذہ ہو سکتی ہے

اسی طرح جلد بندی کے دوران جلد ساز کی غفلت کی وجہ سے سہواً کبھی کبھار قرآن کریم کے ایک آدھ نسخہ میں کچھ صفحات آگے پیچھے یا کم و بیش لگ جاتے ہیں ایسی غلطی بھی دانستہ نہیں بلکہ تمام امکانی احتیاط کے باوجود ہو جاتی ہے ان گزارشات کے ساتھ آپ سے استدعا ہے کہ اگر دوران تلاوت آپ کو اس قسم کی غلطی کا علم ہو تو برائے مہربانی ہمیں اس سے مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں اس غلطی کا تدارک کیا جا سکے امید ہے آپ اس سلسلہ میں ہمارے ساتھ تعاون کر کے ہمیں مشکور و ممنون فرمائیں گے

عرض ناشر

قارئین کرام سے گزارش ہے کہ پورے شعر القرآن میں کوئی فنی یا تحریری غلطی یا خامی نظر آئے تو شاعر قرآن کو بلا جھجک تحریر فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں درستی اور اصلاح کر لی جائے

اور آپ عنداللہ ماجور ہوں

والسلام

محمد عنائت اللہ عفی عنہ اوکاڑہ

سرٹیفکیٹ تصحیح

حافظ طارق جاوید ایم اے، ایم ایڈ
فون ۰۴۴۶۳۶۰۳۸۰
رجسٹرڈ پروف ریڈر اوقاف (پنجاب)

مورخہ 3-6-08

میں اس قرآن مجید مترجم اردو نثر پنجابی اشعار پروفیسر عنائت اللہ صاحب 50 صفحات فی سپارہ پر مشتمل کے صرف عربی متن کی پروف ریڈنگ کی ہے میں نے اس قرآن کی عربی کو پڑھ کر تمام اغلاط کی نشاندھی کر دی اب میں امید کرتا ہوں اس میں کوئی اعرابی یا لفظی غلطی نہ پائیں گے انشاءاللہ تعالیٰ بفضل

حافظ طارق جاوید
رجسٹرڈ پروف ریڈر رجسٹریشن نمبر 104
محکمہ اوقاف پنجاب (پاکستان)

حافظ طارق جاوید
رجسٹرڈ پروف ریڈر رجسٹریشن نمبر 104
محکمہ اوقاف پنجاب (پاکستان)

حافظ طارق جاوید ایم اے
رجسٹرڈ پروف ریڈر محکمہ اوقاف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

94 يَعْتَذِرُوْنَ اِلَيْكُمْ اِذَا رَجَعْتُمْ اِلَيْهِمْ ؕ قُلْ لَّا تَعْتَذِرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكُمْ ١

جب تم ان کے پاس لوٹ کر جاؤ گے تو وہ تمہارے سامنے بہانے بنائیں گے، آپ ان سے کہہ دیں کہ بہانے نہ بناؤ ہم تمہاری باتوں پر اعتبار نہیں

ركوع ١٠ — جس دم کول انہاندے جاسو کرسن عذر نکارا — کہیئے کرو بہانے ناہیں، نہیں اعتبار تمہارا

قَدْ نَبَّاَنَا اللّٰهُ مِنْ اَخْبَارِكُمْ ؕ وَ سَيَرَى

تمہارے حالات کے بارے میں اللہ نے ہمیں سب خبر دے دی ہے، اور اللہ اور اس

اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَ رَسُوْلُهٗ ٢

کا رسول تمہارا عمل دیکھیں گے،

ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ ٣

پھر تمہیں پوشیدہ اور ظاہر کو جاننے والے کے پاس لوٹایا جائے گا،

فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ ٤

تو وہ تمہیں تمہارے کرتوتوں سے متنبہ کرے گا۔

(٢) اللہ آپ پچائی سانوں کل اخبار تہاڈی اللہ نالے نبیؐ خدا دا ویکھے کار تہاڈی

(٣) فیر تہانوں اُس دی خدمت وچ لیجایا جاسی غیب شہادت جانن والے، (کول پچایا جاسی)

(٤) اوہ تہانوں اِک اِک دسّے جو کرتوت کمائے (یعنی اللہ پاک تہانوں سارے عمل گِنائے)

95 سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا انْقَلَبْتُمْ اِلَيْهِمْ

جب تم ان کے پاس واپس جاؤ گے تو وہ تمہارے آگے اللہ کی قسمیں

لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ ١

کھائیں گے اس لئے کہ تم ان کے پیچھے نہ پڑو،

فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ اِنَّهُمْ رِجْسٌ وَّ

پس تم ان سے منہ موڑ لو، بے شک وہ خبیث ہیں، اور ان کا

مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ ٢

ٹھکانہ دوزخ ہے،

جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ ٣

یہ ان کے کرتوتوں کا بدلہ ہے۔

(١) جس دم کول انہاندے جاسو قسم خدا دی کھاسن تاں جے مگر نہ پووانہاندے، (بنتاں ترلے پاسن)

(٢) چھوڑو بس خیال انہاندا اوہ پلیت مدامی دوزخ اندر کرن ٹھکانہ، (اوہ خبیث تمامی)

(٣) آہو، بدلہ ملے انہانوں جو سن کسب کماندے (یعنی ملسی اجر انہانوں جو اوہ عمل کماندے)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

96 يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۚ فَاِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ ۱

وہ تمہارے آگے قسمیں کھائیں گے اس لئے کہ تم ان سے راضی ہو جاؤ، اگر تم ان سے راضی ہو جاؤ گے

فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ۲

تو بے شک اللہ فاسق لوگوں سے راضی نہیں ہوتا۔

(۱)
قسماں کھان تہاڈے اگے تاں جے راضی ہوودو
یاد رکھو، ہاں نال انہاندے جے تم راضی ہوودو

(۲)
فاسق لوکاں نال خداوند راضی ہوندا ناہیں
(بے شک بُریاں دے سنگ اللہ راضی ہوندا ناہیں)

97 اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّ نِفَاقًا وَّ اَجْدَرُ اَلَّا

بدّو کفر و نفاق میں بہت سخت ہیں اور وہ اسی قابل ہیں کہ اللہ کی حدود

يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ ۱

(احکام) کو نہ پہچانیں

مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۲

جو اللہ نے اپنے رسول پر نازل فرمائیں، اور اللہ جاننے والا ہے، حکمت والا ہے۔

(۱)
بدّو کفر نفاقے اندر ڈاڈھے سخت نکارے
ایسے لائق نیں اوہ جانن نہیں حدود کنارے

(۲)
جو حدود خدا خود اپنے اُتّے نبیؐ اتارے
اللہ آپ علیم کہاون حکمت والے بھارے

98 وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يَّتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ مَغْرَمًا ۱

بعض بدّو ایسے ہیں جو اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کو تاوان سمجھتے ہیں۔

وَّيَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَآئِرَ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ

اور تمہیں حادثات (چکر، گردش) پیش آنے کے منتظر رہتے ہیں (فکر نہ کریں)

السَّوْءِ ؕ ۲

بُری گردش انہی پر ہوگی،

وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۳

اور اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔

(۱)
بعضے بدّو جو کجھ خرچن راہ خدا دے اندر
سمجھن اوہنوں ڈنڈ، تاوانوں، ٹیکس عوامی ظاہر

(۲)
گردش دکھ مصیبت آوے تم پر نت اُڈیکن
نہیں نہیں، اوہی اپنے اُتّے بڑی مصیبت ویکھن

(۳)
ہر دی اللہ سننے والا آپ سمیع کہاوے
ہر اک دی گل جانن والا آپ علیم صداوے

99 وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۱

اور بعض بدّو ایسے ہیں جو اللہ اور روز قیامت پر ایمان رکھتے ہیں

(۱)
بدواں وچوں کجھ ایسے نیں جو ایمان لیاون
اللہ نالے روز قیامت پر ایمان لیاون

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَيَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ
اور اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کو اللہ کے ہاں قربتوں کا ذریعہ سمجھتے ہیں

وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ؕ ۲
اور اسے رسولؐ کی دعائیں لینے کا وسیلہ گردانتے ہیں،

اَلَاۤ اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ؕ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ
کیوں نہیں، بے شک انفاق ان کے لئے ذریعۂ قربت ہے اللہ تعالیٰ

رَحْمَتِهٖ ؕ ۳
انہیں عنقریب اپنی رحمت میں داخل کرے گا،

ع ۱۲ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ ۴
بے شک اللہ بخشنے والا، رحم فرمانے والا ہے۔

(۲)
جو کجھ خرچن اُسنوں سمجھن قُربت پاک قبولی نالے اوہ ذریعہ سمجھن: ملے دُعا رسولؐ

(۳)
بے شک خرچ وسیلہ قُربت ہویا اوہناں خاطر جلدی داخل کرے انہانوں اللہ رحمت اندر

(۴)
بے شک اللہ بخشنہارا خود غفور کہاوے
بے شک اللہ رحمت والا آپ رحیم صداوے

100 وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ
اور پہلے پہل کرنے والے مہاجر اور انصار اور جنہوں نے اچھی طرح ان

وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ ۙ۬ ۱
کی اتباع کی،

رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ ۲
ان سے اللہ راضی ہو گیا اور وہ اس سے راضی ہو گئے اور ان کے لئے اس نے باغات تیار کر رکھے ہیں

تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَاۤ اَبَدًا ؕ ۳
جن کے نیچے نہریں جاری ہیں، وہ ان باغوں میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے،

ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ ۴
وہ بہت بڑی کامیابی ہے۔

(۱)
فیر جنہاں نے سبقت کیتی پہلے لوکاں وچوں مہاجر تے انصاراں، چنگے تابعداراں وچوں

(۲)
اوہ راضی نیں نال خدا دے، تے اوہ نال انہاندے نالے باغ بنائے اوہنے خاطر خاص انہاندے

(۳)
ہیٹھ جہاندے نہراں جاری، (عجب بہار وکھاون) وچ انہاندے تا ہمیشہ اوہ رہائش پاون

(۴)
ایہ مُراد عظیم نرالی، (نیکوکاراں خاطر) (یعنی ایہ ارمان دلاں دا عظمت والا ظاہر)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

101	وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ ۛ اور بعض تمہارے آس پاس والے بدو منافق ہیں، اور بعض مدینہ والوں وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ۛ قف ۛ لا میں سے بھی (منافق ہیں)، مَرَدُوْا عَلَى النِّفَاقِ ۛ قف لَا تَعْلَمُهُمْ ۛ ط ۲ وہ نفاق پر مصر ہیں، آپ انہیں نہیں جانتے، نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ۛ ط سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ ۳ ہم انہیں جانتے ہیں، ہم انہیں دو دفعہ سزا دیں گے ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ ۚ ۴ پھر بعد مرگ انہیں بڑے عذاب کی طرف لوٹایا جائے گا۔	① بعضے بدو ہین منافق گرد نواح تہاڈے نالے ہین منافق بعضے اندر شہر تہاڈے ② ہے نفاق انہاندی گویا گھٹی اندر گھلیا تسی انہانتوں جانو ناہیں، (ویکھو ملیا جلیا) ③ اسی انہانتوں جانن والے، (تہانوں آکھ سنایئے) جلد انہانتوں دو دو واری اسی عذاب پچایئے ④ فیر انہانتوں پھیر لیجایئے بڑے عذابے وٹے (یعنی بڑا عذاب پچایئے، کفر انہاندے پلے)
102	وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا اور بعض دوسرے ہیں جو اپنے گناہوں کا اعتراف کرتے ہیں، انہوں نے اچھے صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ۛ ط ۱ اور برے عمل ملا کر کیے تھے، عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ۛ ط اِنَّ اللّٰهَ امید ہے اللہ ان پر مہربانی فرمائے گا، بے شک اللہ بخشنے غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ ۲ والا ہے، رحم فرمانے والا ہے۔	① بھی کجھ ہور انہاندے وچوں کرن اقرار گناہوں چنگے مندے عمل کمائے اوہناں اپنی راہوں ② ہے امید خداوند توبہ کرے قبول انہاندی بے شک اللہ بخشنہارے صفت رحیم انہاندی
103	خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ آپ ان کے مال میں سے صدقہ قبول کریں، اور اس سے وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا ۛ ا انہیں پاک صاف کریں	① محبوبا، لوڑ مال انہاندا صدقے طور پیاروں اس تھیں کر تطہیر انہاندی، پاک کرو اطواروں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

	وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ صَلٰوتَكَ اوران کے حق میں دعا فرمائیں، بے شک آپ کا دعا فرمانا ان کے لئے سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ ۲ تسکین کا باعث ہے، وَ اللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ ۳ اور اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔	② کرو دعا واں حق انہاندے، (کر کے شفقت بھاری) بے شک ہے دعا، انہاندے لئی تسکین، تہاری ③ ہے اللہ اوہ سننے والا آپ سمیع کہاوے ہر اک حرکت جاننے والا خود علیم صداوے
104	اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ کیا انہیں معلوم نہیں کہ اللہ اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے، اور ان سے عِبَادِهٖ وَ يَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ ۱ صدقے لیتا ہے (قبول کرتا ہے) وَ اَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ ۲ مزید یہ کہ اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا، رحم کرنے والا ہے۔	① کیا نہ جانن بے شک اللہ ہے مقبول کریندا اپنے بندیاں دی اوہ توبہ، نالے صدقے لیندا ② نالے ایہ کہ جانن اللہ ہے توآب پیارا نالے رحمت پاروں ہے اوہ آپ رحیم نیارا
105	وَ قُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ اور فرما دیجئے: لوگو عمل کرو، اللہ اور اس کا رسول اور مومنین تمہارے عمل پر نظر وَرَسُوْلُهٗ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ ؕ ۱ رکھیں گے، وَ سَتُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ ۲ پھر جلد تمہیں عالم غیب و شہادت کی طرف لوٹایا جائے گا، فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ ۳ تو تمہیں وہ تمہارے اعمال سے آگاہ فرمائے گا۔	① محبوبا، کہو: عمل کماؤ ویکھن عمل تہارے اللہ ہور رسولؐ انہاندا نالے مومن سارے ② فیر تہانوں پھیر لیجائیے طرف اُس ذات نیاری غیب شہادت جاننے والے پاک خداوند باری ③ اوہ تہانوں کھول سُناسی جو رہے عمل کماندے (یعنی سارے گن گن دسّے جو رہے عمل کماندے)
106	وَ اٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ اِمَّا يُعَذِّبُهُمْ ۱ اور کئی تو اللہ کے حکم کے موقوف ہیں، چاہے انہیں عذاب کرے	① کئی حوالے مرضی رب دی امر الٰہی خاطر چاہے کرے عذاب انہانوں کر کر سختی ظاہر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

	وَ اِمَّا يَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ ۲	۲ یا انہاندے اُتے اُسدی رحمت پھیرا پاوے بے شک اللہ جانن والا آپ حکیم صداوے
107	وَ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا وَّ كُفْرًا اور (بعض وہ ہیں) جنہوں نے مسلمانوں کو نقصان پہنچانے کے لئے اور کفر کی بنا پر اور وَّ تَفْرِيْقًۢا بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۙ مسلمانوں میں تفرقہ ڈالنے کے لئے ایک مسجد بنائی وَ اِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ اور گھات کے طور پر ان کے لئے جو اللہ اور اس کے رسول سے مِنْ قَبْلُ ؕ ۲ پہلے لڑ چکے۔ وَ لَيَحْلِفُنَّ اِنْ اَرَدْنَاۤ اِلَّا الْحُسْنٰى ؕ ۳ اور وہ قسمیں کھائیں گے کہ ہم نے تو صرف بھلائی چاہی، وَ اللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝ ۴ اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ بے شک وہ جھوٹے لوگ ہیں۔	۱ بھی جنہاں نے ضرر پچاون لئی مسیت بنائی نالے کفر تفرقہ کارن وچ ایمانی بھائی ۲ نالے گھات انہاندی خاطر، لڑ دے رہے لڑائی اللہ اُتے رسول اللہ دے نال جو پہلاں آئی ۳ سارے اوہ تہاڈے اگے قسماں جاسن کھائی نہیں ارادہ اساں بنایا پر اک طرحاں بھلائی ۴ (اوہناں دے کرتوت کسب تے)، دیوے رب گواہی بے شک بولن جھوٹھ تمامی، (خاطر کار تباہی)
108	لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا ؕ ۱ آپ اس مسجد میں کبھی بھی قیام نہ فرمائیں، لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ مگر وہ مسجد جس کی بنیاد روزِ اوّل سے تقویٰ پر رکھی گئی ہے، اس (مسجد) سے زیادہ مستحق اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ؕ ۲ ہے کہ آپ اُس میں قیام فرمائیں،	۱ اُس مسجد دے اندر بالکل جا کے کدے نہ کھڑنا (یعنی اُس دے اندر جا کے کدے نماز نہ پڑھنا) ۲ مسجد جہڑی تقوی خاطر پہلے روز بنائی اُسدے وچ قیامو جا کے ہے اوہ حق رکھائی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

	فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ؕ وَ اللّٰهُ اُس میں ایسے بندے ہیں جو طہارت پسند ہیں، اور اللہ طہارت کرنے يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ۝ ۳ والوں کو پسند فرماتا ہے۔	③ اُسدے اندر مرد، تمامی کرن پسند طہارت اوہناں تائیں اللہ اپنی حُبّوں دے بشارت
109	اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى تَقْوٰى مِنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانٍ ۙ کیا وہ جس نے اپنی عمارت کی بنیاد اللہ کے تقویٰ پر اور اللہ کی خوشنودی پر رکھی خَيْرٌ اَمْ مَّنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ ۲ بہتر ہے یا وہ جس نے اپنی عمارت کی بنیاد گرا دینے والے گڑھے کے کنارے پر رکھی فَانْهَارَ بِهٖ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ ؕ وَ اللّٰهُ لَا يَهْدِي تو وہ اسے دوزخ کی آگ میں لے گری، اور اللہ ظالم لوگوں کو راہ است الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ ۳ پر نہیں لاتا۔	① جس بنیاد بنائی اپنی خوف الٰہی ہووے نالے جس وچ شامل مرضی پاک الٰہی ہووے ② اہ چنگا اے یاں اوہ چنگا جس بنیاد بنائی عین کنارے کنڈھے اُتّے گرنے والی کھائی ③ لے ڈِگی اوہ فوراً اُس نوں نار جہنم اندر اللہ نہیں ہدایت دیندا لوکاں ظالم ظاہر
110	لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِيْ بَنَوْا رِيْبَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ جنہوں نے ایسی بنیاد بنائی، وہ ہمیشہ ان کے دلوں میں شک کی خلش بنی اِلَّاۤ اَنْ تَقَطَّعَ قُلُوْبُهُمْ ؕ رہے گی، یہاں تک کہ ان کے دل ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں، ع ۱۳ ۱۲ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ ۲ اور اللہ جاننے والا ہے، حکمت والا ہے۔	① جو بنیاد بنائی اوہناں کھٹکا کرے ہمیشہ دل انہاندے اندر جد تک ہوون پرزہ پرزہ ② ہے اللہ اوہ جاننے والا خود علیم کہاوے ہے اللہ اوہ حکمت والا آپ حکیم صداوے
111	اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ بے شک اللہ نے مومنوں سے ان کی جانیں اور ان کے مال خرید لئے ہیں وَ اَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ؕ اس لئے کہ ان کے لئے جنت ہو،	① بے شک اللہ ہین خریدے جان و مال تمامی مؤمن لوکاں کولوں، تاں جے جنت پان انعامی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ ۖ
وہ اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں تو وہ قتل کرتے ہیں اور قتل ہوتے ہیں، یہ بات

وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرٰىةِ
اللہ پر وعدے کے لحاظ سے سچی ہے جو تورات، انجیل

وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ ؕ ۲
اور قرآن میں آئی ہے،

وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا
اور اللہ سے بڑھ کر کون ہے وعدہ وفا کرنے میں؟ پس تم خوشی مناؤ

بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ ؕ
اس سودے پر جو تم نے اللہ سے کیا ہے،

وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ ۴
اور یہی بہت بڑی مراد ہے۔

(۲)
لڑ دے نیں اوہ راہ خدا دے مارن نالے مر دے
رب انجیل تورات قرآنے سچا وعدہ کر دے

(۳)
اللہ نالوں اُتے عہد نبھاون والا کیہڑا؟
خوشی مناؤ سودے اُتے نال اُس کیتا جیہڑا

(۴)
ایہ مُراد عظیم نرالی، (نیکو کاراں خاطر)
(یعنی ایہ ارمان دلے دا عظمت والا ظاہر)

112 اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ
(مؤمنین وہ ہیں) جو تائب، عابد، حامد، روزہ دار، رکوع کرنے والے، سجدہ

الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ
کرنے والے، نیکی کا حکم دینے والے

وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ
اور برائی سے منع کرنے والے اور اللہ کی حدود کی حفاظت کرنے والے ہیں،

لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ ۲
اور ایمان والوں کو بشارت دے دو۔

(۱)
تائب، عابد، حامد نالے روزہ دار تمامی
راکع، ساجد، نیکی بارے آمر خاص تمامی

(۲)
بدیوں روکن والے نالے حافظ حدّاں بارے
دیہو بشارت مؤمن لوکاں، (جنّت باغاں بارے)

113 مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ
نبیؐ اور مومنین کے لئے مناسب نہیں کہ وہ مشرکین

يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ
کے لئے بخشش مانگیں

(۱)
لائق نہیں پیغمبرؐ تائیں نالے مومن لوکاں
بخشش منگن اللہ کولوں کارن مشرک لوکاں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

	وَلَوْ كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ چاہے وہ قریبی ہی کیوں نہ ہوں بعد اس کے جب انہیں معلوم ہو جائے، لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۝ ۲ کہ وہ دوزخی ہیں۔	② بھانویں ہوون اوہ انہاندے رشتہ دار قریبی جدوں انہانتوں ظاہر ہووے: ناری ہَین، فریبی
114	وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ اور ابراہیم کا اپنے باپ کے لئے بخشش مانگنا صرف اُس وعدے کی بنا مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ ۚ ۱ پر تھا جو آپ نے باپ سے کیا ہوا تھا، فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗٓ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ ؕ ۲ جب انہیں پتہ چلا کہ وہ اللہ کا دشمن ہے تو اس سے وہ بیزار ہو گئے، اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ ۝ ۳ بے شک ابراہیم بڑے نرم دل اور ذی حلم تھے۔	① ابراہیم دا بخشش منگنا باپ اپنے دے کارن؟ اوہناں سی اوہ بخشش منگی اپنے وعدے کارن ② جاں اوہناں نوں ظاہر ہویا ہے اوہ دشمن اللہ فوراً اُسدے کولوں چاہیا آپ چھڈاون پلّہ ③ بے شک ابراہیم ہمارے دل دے نرم پیارے حِلم تحمل دے اوہ پُتلے ہمدردی دے پارے
115	وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًاۢ بَعْدَ اِذْ اور اللہ ایسا نہیں ہے کہ لوگوں کو ہدایت دینے کے بعد گمراہ کرے، جب تک هَدٰىهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ ۱ کہ انہیں بتا نہ دے مَّا يَتَّقُوْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ ۲ کہ کس چیز سے بچنا ہے! بے شک اللہ ہر شے کو جاننے والا ہے۔	① لائق نہیں خدا دے تائیں کہ بدراہوے لوکاں بعد ہدایت دیون جد تک ناں بتلاوے لوکاں: ② کہڑی شئے توں بچنا لازم اوہناں تائیں آیا بے شک اللہ ہر اک شئے نوں جانن والا آیا
116	اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ بے شک اللہ کے لئے ہے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی، وہی زندگی عطا يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ؕ ۱ فرماتا ہے اور وہی موت دیتا ہے	① بے شک خاطر اللہ دی اے شاہی زمیں اساناں موت حیاتی دیندا ہے اوہ، (کل جنور، حیواناں)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

	وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝٢٠	﴿٢﴾ ہتو کون خدا دے باجھوں ہے غم خوار تہاڈا؟ نالے کہڑا اللہ باجھوں نصرت کار تہاڈا؟
	اور اللہ کے سوا تمہارا کوئی غم خوار اور مددگار نہیں ہے۔	
117	لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ ١	﴿١﴾ بے شک اللہ رحم کمایا آپ پیغمبرؐ اُتے بھی انصار مدینہ اُتے کُل مہاجر اُتے
	بے شک اللہ نے نبیؐ، مہاجرین اور انصار پر رحم فرمایا	
	الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْۢ بَعْدِ	﴿٢﴾ جنہاں اُس دی پیروکاری کیتی تنگی ویلے! جس دم کیاں دے دِل ہوئے پئے ہوون نیڑے
	جنہوں نے آپ کی اتباع کی تنگی کے وقت میں بعد اس کے کہ ان میں سے	
	مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ ٢	﴿٣﴾ نیر انہاندے اُتے اُسدی رحمت پھیرا پایا بے شک ہے اوہ نال انہاندے رؤف رحیم کہایا
	کچھ لوگوں کے دل پھر جانے کو تھے	
	ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ط اِنَّهٗ بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝٣	
	پھر اللہ نے ان پر رحم کیا، بے شک وہ ان پر مہربان ہے اور رحم کرنے والا ہے۔	
118	وَّعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ط حَتّٰٓى اِذَا	﴿١﴾ بھی تیناں تے رحم کمایا جنہاں پچھے رہے تنہاندے ایتھوں تک کہ جاں تنگ ہوئی اُپر زمیں انہاندے
	اور ان تینوں پر بھی رحم کیا جو پیچھے رہ گئے تھے، یہاں تک کہ جب ان پر زمین	
	ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ ١	﴿٢﴾ باوجود فراخی اپنی، نالے جان انہاندی اوہناں اُتے تنگی کیتی، (اندر شان انہاندی)
	تنگ ہوگئی	
	بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ ٢	
	باوجود اپنی وسعت کے، اور ان کی جانیں بھی ان پر تنگ ہوگئیں	
	وَظَنُّوْٓا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ ط ٣	﴿٣﴾ آن یقین اوہناں نوں ہویا ناہیں ہور ٹھکانا باجھوں پاک رہے دے ربّوں ناہیں کسے بچانا
	اور انہیں یقین ہوگیا کہ سوا اللہ کے اللہ کے عذاب سے بچنے کے لئے کوئی پناہ گاہ نہیں۔	
	ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا ط اِنَّ اللّٰهَ هُوَ	﴿٤﴾ نیر اوہناں تے رحم کمایا تاں جے تائب آون بے شک اوہ توّاب خداوند آپ رحیم کہاون
	پھر ان پر اس نے رحم کیا تاکہ وہ توبہ کریں، بے شک اللہ ہی توبہ قبول کرنے	
ع ١٤	التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝٤	
	والا، رحم کرنے والا ہے۔	

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

119	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا اے مومنو، خدا سے ڈرو اور سچوں مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ○ کے ساتھ ہو جاؤ۔	○ مومن لوکو ڈرو خدا تھیں خوف خدا دا کھاؤ سچے لوکاں دے سنگ ہووو، (اجر خدا تھیں پاؤ)
120	مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ اہل مدینہ اور ان کے گرد و نواح والے بدوؤں کو لائق نہیں تھا اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا يَرْغَبُوْا کہ وہ اللہ کے رسول سے پیچھے بیٹھے رہیں اور نہ یہ کہ اپنی جانوں کو ان کی جان بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ ط ۲ سے پیارا رکھیں، ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ وَّلَا نَصَبٌ وَّلَا یہ اس لئے کہ انہیں اللہ کی راہ میں پیاس، سختی، مَخْمَصَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۳ بھوک نہیں پہنچتی، وَلَا يَطَـُٔوْنَ مَوْطِئًا يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ ۴ اور وہ کافروں کو غصہ دلانے کے لئے کوئی ایسا قدم نہیں اٹھاتے۔ وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ اور وہ کسی دشمن سے کچھ نہیں لیتے مگر ان کے لئے ایک نیکی لکھی جاتی ہے عَمَلٌ صَالِحٌ ط ۵ (ان سب کاموں کے بدلے میں جب وہ کریں)، اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ۙ ۶ بے شک اللہ نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔	① لائق ناہیں اہل مدینہ نالے بدّواں تائیں جہڑے رہندے آسے پاسے شہر مدینہ جائیں: ② ہٹ کے پچھے بیٹھے رہن اوہ آپ رسول خدا تھیں بھی نہ لائق پیاری رکھن جان رسول خدا تھیں ③ ایس لئی کہ اوہناں تائیں کوئی تکلیف نہیں آندی سختی بھکھ پیاس خدا دی راہ وچ نہیں ستاندی ④ زندگی اندر نہیں ایہیا کوئی قدم اٹھاندے جس دے نال کفاراں تائیں غصہ ہون دلا ندے ⑤ دشمن کولوں نہیں ایہیا فائدہ کوئی اٹھاندے سب دے بدلے عمل نامے وچ نیکی ہین لکھاندے ⑥ بے شک پاک خداوند نیکاں دا نہیں اجر گواندے (نیکوکاراں تائیں اللہ پورا اجر دیواندے)
121	وَلَا يُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اور کوئی چھوٹا بڑا خرچ نہیں کرتے اور کسی وادی وَّلَا يَقْطَعُوْنَ وَادِيًا ۙ کو عبور نہیں کرتے	① یاں چھوٹا یاں وڈا نالے خرچہ کر دے ناہیں یاں اوہ کسے میدانے تائیں طے وی کر دے ناہیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

	إِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ أَحْسَنَ مَا مگر ان کے لئے لکھ دیا جاتا ہے تاکہ اللہ انہیں اپنے کئے ہوئے اچھے اعمال كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ ٢ کی جزا (بدلہ) دے۔	٢ مگر کتابے لکھیا جاوے اندر حق انہاندے اللہ بدلہ دے انہانوں چنگے عمل کماندے
122	وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنفِرُوا كَافَّةً ۚ فَلَوْ اور مومنوں کے لئے ممکن نہیں کہ وہ اللہ کی راہ میں سارے نکل آئیں، کیوں لَا نَفَرَ مِن كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَائِفَةٌ ١ نہ ہر جماعت میں سے کچھ لوگ ہوں؟ لِّيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّينِ وَلِيُنذِرُوا قَوْمَهُمْ إِذَا تاکہ وہ دین میں سمجھ پیدا کریں اور اپنے لوگوں کے پاس جب واپس رَجَعُوا إِلَيْهِمْ ٢ جائیں تو انہیں ڈرائیں ع ١٥ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ ۝ ٣ تاکہ وہ گناہوں سے حذر کریں۔	١ مومن لوکاں لئی ناممکن نکلن سارے سارے کیوں نہ ہراک فرقے وچوں نکلن چند پیارے ٢ تاں جے سمجھن دین اساڈا، واپس جس دم جاون قوم اپنی نوں پڑھ کے اس تھیں رب دا ڈر سناون ٣ تاں جے لوکی کفر گناہوں اپنا آپ بچاون (یعنی خوف خدا تھیں بدیوں اپنا آپ بچاون)
123	يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا قَاتِلُوا الَّذِينَ يَلُونَكُم اے ایمان والو، ان کافروں سے جہاد کرو جو تمہارے قریب ہیں اور مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوا فِيكُمْ غِلْظَةً ۚ ١ چاہئے کہ وہ تمہارے اندر سختی پائیں، ع ١٦ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِينَ ۝ ٢ اور جان لو کہ اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔	١ مومن لوکو کرو لڑائی کافر جہڑے نیڑے چاہئے سختی ویکھن سارے وچ تہاڈے چہرے ٢ جانو، اوہناں نال خداوند جہڑے تقوی والے (یعنی اللہ نال انہاندے، جہڑے تقوی والے)
124	وَإِذَا مَا أُنزِلَتْ سُورَةٌ فَمِنْهُم مَّن يَقُولُ ١ پھر جب کوئی سورت نازل کی جاتی ہے تو ان میں سے کوئی کہنے لگتا ہے	١ فر جاں پاک نبیؐ تے کوئی سورت نازل ہووے کوئی منافق اوہناں وچوں انج مخاطب ہووے:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

	اَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهٖٓ اِيْمَانًا ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ تم میں سے کس کے ایمان میں اس نے اضافہ کیا؟ لیکن جو ایمان لائے	② سُورت ایس تہاڈے وچوں کدھا ایمان ودھایا؟ ہاں، اُس اہل ایماناں دا ہی، ہے ایمان ودھایا!
	اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ اِيْمَانًا ۲ اس نے انہیں ایمان میں بڑھایا،	③ (مومن جہڑے ایہنوں سن کے ہین ایمان ودھاندے) اوہی خوشیاں ہین مناندے، (عالی رتبہ پاندے)
	وَّهُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ۝ ۳ اور وہی خوشیاں منا رہے ہیں۔	
125	وَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ اور مگر جن کے دلوں میں مرض ہے اس مرض نے ان کی خباثت پر	① اپر دل جہاندے اندر کفروں مرض سمایا جس خباثت وچ انہاندی وادھا ہور ودھایا
	رِجْسًا اِلٰى رِجْسِهِمْ ۱ خباثت بڑھا دی	② فیر مرے جے مرنے جوگے، (مرے خباثت اندر) (یعنی وانجے گئے جہانوں)، ہو کے کافر ظاہر
	وَمَاتُوْا وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ۝ ۲ اور وہ کافر ہی مر گئے۔	
126	اَوَلَا يَرَوْنَ اَنَّهُمْ يُفْتَنُوْنَ فِيْ كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ ۱ کیا وہ نہیں دیکھتے کہ انہیں ہر سال ایک بار یا دو بار آزمایا جاتا ہے؟	① کیا نہیں ویہندے اوہناں تائیں ہے ازمایا جاندا رب انہاناں ہے ہر سالے اِک دو وار ازماندا؟
	ثُمَّ لَا يَتُوْبُوْنَ وَلَا هُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ۝ ۲ پھر بھی وہ توبہ نہیں کرتے اور نہ ہی وہ نصیحت لیتے ہیں۔	② فِر وی توبہ کر دے ناہیں نہیں نصیحت پھڑ دے (یعنی مومن ہوندے ناہیں، ناہیں عبرت پھڑ دے)
127	وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ اور جب کوئی سورت نازل کی جاتی ہے ایک دوسرے کی طرف	① جدوں پیغمبرؐ اُتے کوئی سورت نازل ہووے اکدوئے وَل بٹ بٹ تکّن گویا ظاہر ہووے:
	اِلٰى بَعْضٍ ط ۱ دیکھنے لگتے ہیں،	② پچھن اوہ کوئی ہے تہانوں ایتھے ویکھن والا؟ فِر اوہ دینوں پھر جاندے نیں، (بدبختی دا چالا)
	هَلْ يَرٰىكُمْ مِّنْ اَحَدٍ ثُمَّ انْصَرَفُوْا ط ۲ کیا تمہیں کوئی دیکھنے والا ہے؟ پھر وہ پلٹ جاتے ہیں،	

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

	صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ۝۳۰	③ پھیرے اللہ دل انہاندے، (اپنا غضب کمایا) اس لئی کہ اوہناں لوکاں نہیں دماغ دوڑایا
	اللہ نے ان کے دل پھیر دیئے کیونکہ وہ لوگ ناسمجھ ہیں۔	
128	لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ	① بے شک آیا کول تہاڈے نبیؐ تہاڈے وچوں
	بے شک تمہارے پاس تمہیں میں سے وہ رسول تشریف لائے، جن پر	گزرے شاق پیارےؐ اُتے: ملے ایذا تہانوں
	عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ	② خواہشمند بھلائی اندر اوہ تہاڈی خاطر
	تمہارا تکلیف میں پڑنا شاق گزرتا ہے،	اہل ایماناں نال رؤف اوہ ہے رحیم اوہ ظاہر
	حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝۳۱	
	وہ تمہاری بھلائی کے بہت خواہشمند ہیں، مومنوں کے لئے مہربان اور رحمت کرنے والے ہیں۔	
129	فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ﷺ	① جن وی جیکر اوہ پھر جاون کہو حبیب پیارےؐ:
	پھر اگر وہ پھر جائیں تو آپ کہیں مجھے اللہ کافی ہے،	اللہ میرا کافی مینوں، (ہور نہیں درکارے!)
	لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ	② اسدے بن معبود نہ کوئی کراں توکل اُس تے
ع ۱۶/۵	الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝۳۲	عرشِ اعظم دا اوہ مالک، (ختم تملک اُس تے)
	عرشِ عظیم کا مالک ہے۔	

سُوْرَةُ يُوْنُسَ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مَكِّيَّةٌ اٰيَاتُهَا ۱۰۹ رُكُوْعَاتُهَا ۱۱

ساتھ نام اللہ کے جو سب پر مہربان ہے، سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے

نال مبارک نام اللہ دے کام بناون والا وڈیاں مہراں والا سائیں رحم کماون والا

1	الٓرٰ ۚ قف ۚ	① الف، لام تے را مقطعہ، (وچ اسرار الٰہی)
	الف، لام، را	(رب رسول مراداں جانن کوڈ نرالے شاہی)
	تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۝۱	② ایہ آکھاں نیں صاف تمامی حکمت بھری کتابوں
	یہ آیتیں حکمت والی کتاب کی ہیں۔	(جو کوئی عمل کماوے اُسنوں ناہیں خوف عذابوں)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

2	اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ ۱ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَ بَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا ۲ اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ۳ ○ وقف النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	① کیا لوکاں نوں حیرت ہوئی ایس امر وچ بھاری؟ اوہناں وچوں اِک بندے تے آئی وحی ہماری: ② ڈر سناؤ لوکاں تائیں نالے دیہو بشارت اہل ایماناں تائیں، (جہڑے رب دی کرن عبادت) ③ رب انہاندے کول انہاندی خاطر درجہ سچا کافر بولے: بے شک صادقؐ ہے جادوگر اچھا
3	اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ۱ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ مَا مِنْ شَفِيْعٍ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِهٖ ؕ ۲ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۳ ○	① بے شک رب تہاڈا اللہ، جس نے پیدا کیتے ایہ اسمان زمین تمامی چھے دناں وچ بیتے ② فر عرشاں تے لائے ڈیرے، امروں ڈور ہلاوے اُسدے اِذنوں باجھ نہ کوئی کرن شفاعت آوے ③ ایہ ہے اللہ رب تہاڈا کرو عبادت اُسدی کیا دھیانے رکھو ناہیں تُسی نصیحت اُسدی؟
4	اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ ۱ اِنَّهٗ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ۲	① اُس دے اگے تم سبھناں دی پیشی ہونی آئی ہے اللہ دا وعدہ سچا، (اس وچ شک نہ رائی) ② بے شک پہلی واری وی ہے اوہی خلق بناوے فیر فناؤں بعد دوبارہ ہے ایہ عمل دوہراوے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

	لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ بِالْقِسْطِ ؕ ۳	۳ تاں جے اہل ایماناں تائیں عدلوں بدلہ دیوے جنہاں چنگے عمل کمائے، (کھاسن چنگے میوے)
	تاکہ عدل کے ساتھ ایمان والے نیک لوگوں کو بدلہ دے،	
	وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ ۴	۴ جنہاں لوکاں اِس دنیا وچ کفر کمایا ظاہر تاں پانی پیون کارن ہے انہاندی خاطر
	اور کفر کرنے والوں کے لئے پینے کو کھولتا ہوا پانی ہوگا	
	وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌ ۢ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۝ ۵	۵ بھی عذاب انہاندی خاطر درداں بھریا آیا ایہ انعام ملے اُنہانتوں کیوں جے کفر کمایا!
	اور دردناک عذاب، اس بنا پر کہ وہ کفر کرتے تھے۔	
5	هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا	۱ اوہ ہے ذات نرالی جنہیں سورج نوں چمکایا نالے جنہیں آپ قمر نوں روشن کر دکھلایا
	وہی ہے جس نے روشنی دینے والا سورج بنایا اور چاند کو چمک دینے والا بنایا	
	وَّقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ؕ ۲	۲ نالے منزل درجے اُسدے آپ مقرر کیتے تاں جے عدد حسابی جانو ہر اک سالوں بیتے
	اور اس کی منزلیں مقرر کیں تاکہ تم سالوں کی گنتی اور حساب لگا سکو،	
	مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْحَقِّ ۚ يُفَصِّلُ	۳ ایہ مخلوق تمامی اللہ حق دے نال بنائی سمجھاں والے خاطر آکناں دی تفصیل سنائی
	اللہ نے یہ سب کچھ حق کے ساتھ بنایا ہے، جاننے والوں کے لئے وہ تفصیل سے	
	الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ ۳	
	آیتیں بیان کرتا ہے۔	
6	اِنَّ فِي اخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا خَلَقَ	۱ بے شک دن تے راتاں دے اِس آون جاون اندر نالے زمیں اسماناں والی خلق بناون اندر
	بے شک دن رات کے اختلاف میں اور جو کچھ اللہ نے آسمانوں اور زمین	
	اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	۲ ڈرنے والے لوکاں خاطر ہین نشان ہمارے (یعنی نیکوکاراں خاطر ہین نُہان ہمارے)
	میں پیدا فرمایا ان میں	
	لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَّقُوْنَ ۝ ۲	
	ڈرنے والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔	

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

7	اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا وَ رَضُوْا بے شک جو ہماری حاضری کی امید نہیں رکھتے اور دنیا کی زندگی بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا پر راضی ہو گئے،	① بے شک ساڈی پیشی بارے نااُمیدی جنہاں نالے دنیا دی زندگانی دل نوں لائی جنہاں
	وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا غٰفِلُوْنَ ۙ۲ اور اس کے ساتھ مطمئن ہو بیٹھے اور جو ہماری آیتوں سے غافل ہیں،	② نالے جنہاں دل تھیں اُسدے نال تسلی پائی نالے جنہاں ساڈیاں آکھاں بابت غفلت چائی
8	اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ وہی ہیں جن کا ٹھکانہ آگ ہے ان کے کرتوتوں کی وجہ سے جو وہ کرتے ہیں۔	○ ایہو لوکی جنہاں پانا آپ ٹھکانا ناروں اوہناں بدلہ پانا ایہا اپنے کسبوں کاروں
9	اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ بے شک جو ایمان لائے اور نیک عمل کئے تو ان کا رب انہیں ان کے ایمان يَهْدِيْهِمْ رَبُّهُمْ بِاِيْمَانِهِمْ ۚ۱ کی وجہ سے راہ دکھائے گا (جنتوں کی)،	① بے شک جو ایمان لیائے چنگے عمل کمائے رب اوہناں نوں نال ایمانے سدھا راہ وکھائے
	تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝۲ اُن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی یعنی نعمت والے باغوں میں۔	② ہیٹھ انہاندے نہراں جاری اندر باغاں سارے جہڑے مولیٰ قدرت پاروں نعمت نال سنگھارے
10	دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ جہاں اُن کی زبان پر سبحنک اللھم (اے اللہ تو پاک ہے) ہوگا،	① جنت وچ پکار انہاندی دم دم جاری ساری پاک اللہ توں، (پاک اللہ توں، رہے لباں پر جاری)
	وَ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۚ۲ اور وہاں ان کی آپس کی دعا سلام ہوگی،	② (جنت اندر جہڑے ویلے آپس اندر ملسن) بول زبانوں اِک دوئے نوں خاص سلاماں کہیسن
ع ۱۱	وَ اٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۳ اور ان کی آخری بات الحمد للہ رب العالمین (سب تعریف اللہ کے لئے ہے جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے) ہوگی۔	③ آخر وچ دعا انہاندی حمد خدا دی ہوسی اَلْحَمْدُ لِلّٰه (لب پہ جاری ہوسی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

11 وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ
اور اگر اللہ لوگوں کے لئے برائی لانے میں جلدی کرتا جیسا کہ وہ بھلائی
بِالْخَيْرِ لا
کے لئے جلدی کرتے ہیں
لَقُضِيَ إِلَيْهِمْ أَجَلُهُمْ ط فَنَذَرُ الَّذِينَ لَا ۲
تو ان کا کام تمام ہو چکا ہوتا، پس ہم چھوڑتے ہیں انہیں جو
يَرْجُونَ لِقَاءَنَا فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ○ ۳
ہماری حاضری کی امید نہیں رکھتے، کہ وہ اپنی گمراہی میں سرگردان رہیں۔

(۱)
جھی اللہ جے لوکاں خاطر شر وچ جلدی کر دا
نہیں اندر جیوں جلدی کر دے، (پاڑ صبر دا پردا)

(۲)
پوری ہوندی اوہناں اُتے مدت عمر انہاندی
اسی انہانوں مہلت دیئے، (رحمت ایہ اساندی)

(۳)
ل وچ نہیں امید رکھاندے ساڈی پیشی بارے
ہر دم اپنی وچ گمراہی لیندے ریہن ہولارے

12 وَإِذَا مَسَّ الْإِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْبِهِ أَوْ
جب انسان کو تکلیف پہنچتی ہے وہ ہمیں پہلو پر، بیٹھے اور
قَاعِدًا أَوْ قَائِمًا ج ۱
کھڑے پکارتا ہے،
فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهُ مَرَّ كَأَنْ لَّمْ يَدْعُنَا
لیکن جب ہم اس کی تکلیف دور کر دیتے ہیں تو اس طرح گزر جاتا
إِلَىٰ ضُرٍّ مَّسَّهُ ط ۲
ہے گویا اس نے تکلیف کے وقت ہمیں پکارا ہی نہ تھا،
كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِينَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ○ ۳
اس طرح ہم حد سے بڑھنے والوں کے اعمال کو بھلا کر دکھاتے ہیں۔

(۱)
جس دم پہنچے بندے تائیں دکھ تکلیف وچارے
لیٹے، بیٹھے، کھلے کھلوتے سانوں پیا پکارے

(۲)
دور جدوں چا اُس تھیں کریئے، بدلحاظی کردا
ایس طرحاں جیوں کسے مصیبت نہیں دعاواں کردا

(۳)
مُسرف لوکاں تائیں اینویں بھلے وکھائے جاندے
(وچ حیاتی بے اثباتی)، جو اوہ عمل کماندے

13 وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا الْقُرُونَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَمَّا ظَلَمُوا ۱
اور تم سے پہلے بہت سی امتوں کو ہم نے ظلم کی بنا پر برباد کیا،
وَجَاءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَمَا كَانُوا لِيُؤْمِنُوا ط ۲
حالانکہ ان کے رسول ان کے پاس معجزے لے کر آئے تھے مگر وہ ایسے نہ تھے کہ ایمان لاتے۔

(۱)
قبل تہاتھوں بہت امتاں نوں وچ ہلاکت پایا
کیتی پکڑ انہانتوں جس دم اوہناں ظلم کمایا

(۲)
کول انہاندے آئے مرسل نال دلیلاں روشن
پر اوہ نہیں سن تھم اجہے کہ ایمان لیاون

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

	كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِينَ ۝ ۳	③ ایسے صورت بدلہ دیئے مُجرم لوکاں تائیں (یعنی سخت سزاواں دیئے اوگنہاراں تائیں)
	یونہی ہم گنہگار لوگوں کو سزا دیتے ہیں!	
14	ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ خَلٰٓئِفَ فِي الْاَرْضِ مِنْۢ	○ بعد تہانوں دنیا اندر جانشین بنایا ایس لئی کہ ظاہر کریئے کی کجھ تساں کمایا
	بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ۝	
	پھر ہم نے تمہیں ان کے بعد دنیا میں جانشین بنایا، تاکہ دیکھیں تم کیسے عمل کرتے ہو؟	
15	وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ	① جدوں انہاندے اُتے پڑھیاں جاون آئتاں روشن نہیں امید جنہاں نوں پیشی والی اوہو، (آکھن:)
	جب انہیں ہماری روشن آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو وہ جنہیں ہماری	
	لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا ائْتِ بِقُرْاٰنٍ غَيْرِ هٰذَآ اَوْ بَدِّلْهُ ؕ ۲	② ہور قرآن علاوہ اِسدے لیاؤ کول اساڈے یاں ایہنوں تبدیل بناؤ، (مقبول اساڈے)
	ملاقات (حاضری) کی امید نہیں ہوتی، کہتے ہیں	
	اس کے علاوہ کوئی اور قرآن لاؤ یا اسے بدل ڈالو،	
	قُلْ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اُبَدِّلَهٗ مِنْ تِلْقَآئِ نَفْسِيْ ۚ ۳	③ کہو، محبوبا: ہرگز ناہیں ایہ گل لائق میرے اپنی طرفوں بدل وکھاواں، (ایہ نہیں لائق میرے)
	کہہ دیجئے: میری مجال نہیں کہ اسے اپنی مرضی سے بدل ڈالوں،	
	اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۚ ۴	④ میں تے تابعداری کرنا جو کجھ وحی لیاوے (رب دی طرفوں وچ قرآنے آ ڑ دجو جو آوے)
	میں تو صرف اپنی طرف آنے والی وحی کا تابع ہوں،	
	اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝ ۵	⑤ رب اپنے دی نافرمانی جے میرا دل چاوے روز قیامت بڑے عذابوں دل نوں خوف ستاوے
	اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو مجھے بڑے دن کے عذاب کا اندیشہ ہے!	
16	قُلْ لَّوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا تَلَوْتُهٗ عَلَيْكُمْ وَلَآ	① فرماؤ: جے اللہ چاہندا میں نہ پڑھ سناندا نالے اوہ تہاڈے تائیں بالکل نہ سمجھاندا
	کہہ دیجئے: اگر اللہ چاہتا تو میں اسے تم پر نہ پڑھتا اور وہ بھی	
	اَدْرٰىكُمْ بِهٖ فَقَدْ ۚ	
	تم کو اس سے خبردار نہ کرتا،	

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

	فَقَدْ لَبِثْتُ فِيكُمْ عُمُرًا مِّن قَبْلِهِ ۖ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿١٦﴾ اس سے قبل میں تم میں ایک عمر گزار چکا ہوں، کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے؟	② اس تھیں پہلاں وچ تہاڈے میں اک عمر گزاری کیا اینی وی سوچ نہ آوے اندر عقل تمہاری؟
17	فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ تو اس سے بڑھ کر کون ظالم ہوگا جس نے اللہ کے بارے میں جھوٹ گھڑا یا كَذَّبَ بِآيَاتِهِ ۚ اس کی آیتوں کو جھوٹا گردانا؟ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُونَ ﴿١٧﴾ بے شک وہ مجرموں کو فلاح نہیں بخشتا۔	① اُس تھیں ظالم کہڑا رب تے جنہے جھوٹھ چلایا؟ یاں فر اُس تھیں جنہے اُسدیاں آکھاں نوں جھٹلایا؟ ② بے شک اوگنہارے مجرم ناں چھٹکارہ پاون (آہو، پاپی لوک تمامی بہت خسارہ پاون)
18	وَيَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ اور وہ اللہ کے سوا ان کی عبادت کرتے ہیں جو انہیں نہ وَلَا يَنفَعُهُمْ نقصان پہنچا سکیں اور نہ نفع وَيَقُولُونَ هَٰؤُلَاءِ شُفَعَاؤُنَا عِندَ اللَّهِ ۚ قُلْ اور وہ کہتے ہیں: وہ اللہ کے ہاں ہمارے سفارشی ہیں، کہہ دیجئے: کیا تم اللہ أَتُنَبِّئُونَ اللَّهَ کو بتاتے ہو بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي السَّمَاوَاتِ وَلَا فِي الْأَرْضِ ۚ جو کچھ وہ آسمانوں اور زمین میں نہیں جانتا؟ اور وہ اُس سے پاک اور بلند ہے سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿١٨﴾ جسے وہ شریک ٹھہراتے ہیں۔	① بھی اوہ کرن عبادت غیراں چھوڑ خدا دے تائیں گھاٹا نفع پچاون ناہیں جو انہاندے تائیں ② بھی اوہ آکھن شفیع اساڈے ایہ نزدیک خدا دے فرماؤ: کیا تسی دساؤ تائیں پاک خدا دے ③ جو نہیں علم خدا دے اندر زمیں اساناں اندر؟ اوہ ہے پاک تے اُچا شرکوں جو اوہ کر دے ظاہر
19	وَمَا كَانَ النَّاسُ إِلَّا أُمَّةً وَاحِدَةً فَاخْتَلَفُوا ۚ اور لوگ صرف ایک جماعت تھے، پھر وہ الگ الگ ہو گئے، اور اگر وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ آپ کے رب کی طرف سے بات پہلے نہ ہو چکی ہوتی	① سب لوکی سن اِک ہی امت فر ہوئے اوہ وکھرے جے اِک گل نہ ہوئی ہوندی پہلاں طرفوں رب دے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

	لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيمَا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ۝ ۲	② بس تصفیہ ہو گیا ہوندا اوہناں دے وچکارے نت رہیندے نیں جھگڑا کردے اوہ جس شئے دے بارے
20	وَيَقُولُونَ لَوْلَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ ۚ اور وہ کہتے ہیں کیوں نہ اس پر اس کے رب کی طرف سے کوئی آیت فَقُلْ إِنَّمَا الْغَيْبُ لِلَّهِ فَانتَظِرُوا ۚ إِنِّي نازل کی گئی؟ پس کہہ دیجئے: غیب صرف اللہ کے لئے ہے، پس تم انتظار کرو، ع ۲ مَعَكُم مِّنَ الْمُنتَظِرِينَ ۝ ۲ بے شک میں تمہارے ساتھ منتظر ہوں۔	① کہیندے نیں اوہ رب دی طرفوں کیوں نہ آیت آئی کہیئے: بے شک غیب خدا نوں، رہو اُڈیکاں لائی ② بے شک میں وی نال تہاڈے رہواں اُڈیکاں لائی (یعنی مینوں وی ایہ کرنی نال تہاڈے آئی!)
21	وَإِذَا أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّن بَعْدِ ضَرَّاءَ اور جب ہم نے لوگوں کو تکلیف کے بعد آرام چکھایا تو وہ ہماری آیتوں مَسَّتْهُمْ إِذَا لَهُم مَّكْرٌ فِي آيَاتِنَا ۚ میں مکر چلانے لگے۔ (ہماری آیتوں پر اعتراض کرنے لگے)، قُلِ اللَّهُ أَسْرَعُ مَكْرًا ۚ إِنَّ رُسُلَنَا آپ کہہ دیں: اللہ تدبیر کرنے میں بڑا تیز ہے، بے شک ہمارے فرشتے يَكْتُبُونَ مَا تَمْكُرُونَ ۝ ۲ تمہارے مکر لکھتے جاتے ہیں۔	① جدوں چکھائی انساناں نوں رحمت، زحمت مگروں تدوں اساڈی آیتاں بارے چلّن چالا مکروں ② کہو، محبوبؐ، اللہ وڈا تیز اندر تدبیراں بے شک ساڈے ملک تہاڈے مکروں کرن تحریراں
22	هُوَ الَّذِي يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۖ وہی ہے جو تمہیں بحر و بر میں سیر کراتا ہے، یہاں تک کہ تم حَتَّىٰ إِذَا كُنتُمْ فِي الْفُلْكِ ۚ جب تک کشتیوں میں ہوتے ہو، وَجَرَيْنَ بِهِم بِرِيحٍ طَيِّبَةٍ وَفَرِحُوا بِهَا ۲ اور وہ انہیں لے کر خوشگوار ہوا کے ذریعے چلتی ہیں اور وہ اس سے خوش ہوتے ہیں،	① اوہی ہے جو سیر کرائے خشکی تری تہانوں جاں کشتی وچ کرو سواری، (حاجت سَری تہانوں) ② فِر اوہ چلّن لے انہانوں نال ہواواں چنگیاں ایس طرحاں اوہ خوش تمامی، (ناہیں سفری تنگیاں)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جَآءَتْهَا رِيْحٌ عَاصِفٌ وَّ جَآءَهُمُ الْمَوْجُ مِنْ

اچانک کشتیوں کو تند ہوا آلیتی ہے اور ہر طرف سے انہیں

كُلِّ مَكَانٍ ۳

موج آلیتی ہے،

وَّ ظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اُحِيْطَ بِهِمْ ۙ دَعَوُا اللّٰهَ

اور وہ سمجھتے ہیں کہ ہم گھر گئے، تو اللہ کو خالص طریقے سے

مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ ۴

پکارنے لگتے ہیں،

لَئِنْ اَنْجَيْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ۝ ۵

اگر تو ہمیں اس طوفان سے نجات دے گا تو ہم شکر گزاروں میں سے ہوں گے۔

(۳)

جدوں اچانک اوہناں اُتے آن ہنیری وگے
نیر انہاندے ہر ہر طرفوں لہراں آون لگے

(۴)

بھی اوہناں نوں معلم ہوئے آئے اندر گھیرے
کرن دعاواں اللہ اگے خالص دینی چہرے:

(۵)

یا رب! ایس بلاؤں سانوں اگر خلاصی بخشیں
لازم تیرا شکر ادایئے، (جے توں رحمت کریں)

23 فَلَمَّآ اَنْجٰىهُمْ اِذَا هُمْ يَبْغُوْنَ فِى الْاَرْضِ

پھر جب انہیں اللہ نے نجات دی تو فوراً وہ زمین میں ناحق ظلم کرنے

بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ ۱

لگتے ہیں،

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ ۙ

اے لوگو، تمہارے ظلم کا وبال تم پر ہوگا، دنیا کی زندگی

مَّتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۫ ۲

سے فائدہ اٹھالو،

ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ

پھر ہماری طرف تمہارا مرجع ہے، پس ہم تمہیں تمہارے اعمال سے خبردار

تَعْمَلُوْنَ ۝ ۳

کریں گے۔

(۱)

دلیے جدوں نجات انہانوں ترت اوہ باغی ہوون
ناحق وچ زمیں دے ظالم (آن فسادی ہوون)۔

(۲)

لوکو، بے شک باغی ہونا پوے تہاڈے اُتے
کر لوو موجاں چار دیہاڑے اِس دنیا دے اُتے

(۳)

نیر تہانوں پرت کے آونا ہوسی کول اساڈے
تدوں تہانوں گن گن دیسیے جو جو عمل تہاڈے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

24	إِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ دُنیا کی زندگی کی مثال بس ایسی ہے جیسا کہ ہم نے آسمان سے پانی اتارا السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ ١ پھر اس سے مل کر زمین سے سبزہ اگا مِمَّا يَاْكُلُ النَّاسُ وَ الْاَنْعَامُ ط حَتّٰٓى اِذَآ جس سے لوگ اور جانور خوراک لیتے ہیں، یہاں تک کہ زمین بارونق اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ ٢ ہوگئی اور سج گئی ۴ وَظَنَّ اَهْلُهَآ اَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَآ ١ اَتٰىهَآ اور اس کے مالکوں نے سمجھا کہ وہ اس پر قادر ہو گئے تو ہمارا حکم اس پر اَمْرُنَا لَيْلًا اَوْ نَهَارًا ٣ دن یا رات میں آیا، فَجَعَلْنٰهَا حَصِيْدًا كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ ط پس ہم نے اسے اس طرح کاٹ کے رکھ دیا گویا کہ وہاں کل کچھ تھا ہی نہیں، ایونہی ہم كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ ٤ غور و فکر کرنے والوں کے لئے کھول کھول کر آیتیں بیان کرتے ہیں۔	① بس مثال حیاتی دنیا جیونکر پانی آیا اسمانے توں نازل کیتا سبزہ زمیں اُگایا ② بندے جس تھیں کھاون سارے بھی مویشی سارے جاں فِر زمیں سجاوٹ پکڑی اپنے کھیت سنگھارے ③ اُس تے قدرت پائی اوہناں مالک سمجھن لگے تاں فِر حکم اساڈا آیا دن یا راتی اگے ④ اُسنوں ایس طرحاں کٹ سٹیا جیونکر کل کجھ ناہا ایسے طرح سنایئے آکناں خاطر فکر آگاہا
25	وَ اللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ط وَ يَهْدِيْ اور اللہ سلامتی کے گھر کی طرف بلاتا ہے، اور جسے چاہتا ہے سیدھے راستے مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ کی طرف چلاتا ہے۔	○ رب بُلاوے لوکاں تائیں دار سلامت ولے جس نوں چاہوے دے ہدایت سدھے رستے ولے
26	لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَ زِيَادَةٌ ط ١ جنہوں نے بھلے کام کئے ان کے لئے بھلائی اور کثرت ہے (ان کے لئے جنت اور دیدار الٰہی ہے)،	① جنہاں کیتی نیکوکاری اوہناں لئی بنائی رب تعالیٰ اپنے فضلوں کثرت ہور بھلائی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَلَا يَرْهَقُ وُجُوْهَهُمْ قَتَرٌ وَّلَا ذِلَّةٌ ط

اوران کے منہ پر سیاہی اور رسوائی نہ چڑھے گی،

(۲)

منہ انہاندے اُتے کالکھ ناں رُسوائی چاہڑے

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ج هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ ۲

وہی جنت والے ہیں، (اور) وہ وہاں ہمیشہ رہیں گے۔

ایہو ہی نیں جنت والے رہن ہمیشہ سارے

27 وَالَّذِيْنَ كَسَبُوا السَّيِّاٰتِ جَزَآءُ سَيِّئَةٍ م

اور جنہوں نے برائیاں کیں انہیں ویسا ہی برا بدلہ ملے گا،

(۱)

جنہاں بھیڑے کسب کمائے بدلہ ملے بُرائی

بِمِثْلِهَا ۙ وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ط ۱

اور ان پر ذلت چھا جائے گی۔

منہ انہاندے اُتے چھائے ذلت تے رسوائی

مَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ج ۲

انہیں اللہ (کے عذاب) سے بچانے والا کوئی نہ ہوگا،

(۲)

نہیں اوہناں نوں اللہ کولوں کوئی بچاون والا

(یعنی قہر خدائی نہ کوئی دُور ہٹاون والا)

كَاَنَّمَآ اُغْشِيَتْ وُجُوْهُهُمْ قِطَعًا مِّنَ الَّيْلِ مُظْلِمًا ط ۳

گویا ان کے منہ پر اندھیری رات کے قطعے چڑھا دیے گئے ہیں،

(۳)

لگدا اے جیوں منہ انہاندے گئے غلاف چڑھائے

ٹکڑے رات ہنیری والے مُونہاں تے لٹکائے

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ج هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ ۴

یہی لوگ دوزخ والے ہیں، وہ وہاں ہمیشہ رہیں گے۔

(۴)

اوہی لوکی دوزخ والے، نار جہنم والے

رہن ہمیشاں دوزخ اندر، (بھیڑا انہاندے چالے)

28 وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ

اور جس دن ہم سب کو اٹھائیں گے پھر ہم مشرکوں سے کہیں گے: تم اور

(۱)

جس ون سب نوں پکڑ اٹھائیے فیر انہانوں کہیئے:

اَشْرَكُوْا مَكَانَكُمْ اَنْتُمْ وَشُرَكَآؤُكُمْ ج ۱

تمہارے شریک اپنی جگہ رہو،

شرک لوکو، مع شریکاں پرہاں کھلوتے رہیئے

فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَقَالَ شُرَكَآؤُهُمْ مَّا كُنْتُمْ

پھر ہم ان میں پھوٹ ڈال دیں گے اور ان کے شریک کہیں گے تم ہمیں تو

(۲)

پاواں گے پھڑ اسی تفرقہ فِر وچکار انہاندے

ساڈی نہیں ساہو پوجا کردے کہن شریک انہاندے

اِيَّانَا تَعْبُدُوْنَ ۝

نہیں پوجتے تھے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

29	فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۢ بَيْنَنَا وَ بَيْنَكُمْ اِنْ پس ہمارے اور تمہارے درمیان بطور گواہ اللہ کافی ہے کہ ہم تمہاری كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ ○ عبادت سے بے خبر تھے۔	○ اللہ شاہد کافی ہو یا بَین تہاڈے ساڈے آہن تہاڈی پوجا بارے دل بے خبر اساڈے
30	هُنَالِكَ تَبْلُوْا كُلُّ نَفْسٍ مَّآ اَسْلَفَتْ وَ رُدُّوْٓا وہاں ہر جان کو صحیح پتہ چل جائے گا کہ اس نے کیا آگے بھیجا! پھر انہیں اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ ۚ اپنے سچے مالک کی طرف لوٹایا جائے گا، وَ ضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۲ اور ان کی سب افترا پردازیاں ان سے چھن جائیں گی۔	① اوتھے ہر کوئی جانچ لوے گا جو کجھ اگے گھلیا فیر انہانوں اللہ مالک ولے جاسی گھلیا ② تدوں انہاندیاں دلوں بنائیاں سب باطل ہو جاسن (یعنی جِنّے جھوٹھ انہاندے سب باطل ہو جاسن)
31	قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ آپ کہہ دیں: تمہیں آسمان سے اور زمین سے کون روزی دیتا ہے؟ کان اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ اور آنکھوں کا کون مالک ہے؟ وَ مَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ يُخْرِجُ اور کون مردے میں سے زندہ کو نکالتا ہے اور کون زندے میں سے مُردہ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۲ کو نکالتا ہے؟ وَ مَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ۚ ۳ اور ہر کام کی تدبیر کون کرتا ہے؟ تو فوراً کہیں گے: اللہ! فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ○ ۴ پھر ان سے کہیں: اللہ سے کیوں نہیں ڈرتے؟	① کہو: تہانوں زمیں اسمانوں کہڑا رزق پچاوے؟ یاں کناں تے اکھاں دا ہے مالک کون صداوے؟ ② بھی مُردے دے وچوں زندہ کہڑا کڈھ لیاوے؟ بھی زندے دے وچوں مُردہ کہڑا کڈھ لیاوے؟ ③ کون کوئی فر ہر اک عملوں ہے تدبیر بناندا؟ ٹُرت آکھن گے اللہ سائیں، (ہر اک کام چلاندا) ④ پس محبوبا کہو انہانوں: کیوں نہیں رب تھیں ڈردے؟ (یعنی عقلوں لے رُشنائی کیوں سِدھے نہیں مُردے؟)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

32	فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۚ فَمَاذَا بَعْدَ پس وہی اللہ تمہارا سچا رب ہے، پس حق کے بعد الْحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ۝ ۲ صرف گمراہی ہے، پھر کدھر منہ موڑے جاتے ہو؟	① ایہو ہی ہے اللہ سچا رب تہاڈا آیا حق تھیں بعد ضلالت باجھوں کی نیتجا آیا؟ ② فر کتھے مُونہہ موڑی جاوو، (باغی منکر وانگوں) (یعنی مالک تھیں کیوں نسو ڈھوراں ڈنگر وانگوں)
33	كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا اسی طرح تمہارے رب کی بات فاسق لوگوں کے بارے میں سچ ثابت ہوئی: اَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ ۲ یہ کہ وہ ایمان نہیں لائیں گے۔	① ایس طرح گل ثابت سچّی رب تیرے دی ہوئی اوہناں بارے فسق جنہاں دی بھیڑی عادت ہوئی ② اوہناں بارے ایہ گل کہ اوہ نہیں ایمان لیاون (یعنی اپنے مالک اگّے نہ اوہ سیس جھکاون)
34	قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ آپ کہہ دیں: کیا کوئی تمہارا شریک ایسا ہے جو پہلی بار بھی پیدا کرتا ہے اور ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ۭ ۲ پھر دوسری بار بھی پیدا کرے گا؟ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ۲ کہہ دیں: اللہ پہلی بار بھی پیدا کرتا ہے پھر دوسری بار بھی پیدا کرے گا، فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝ ۳ تو تم کہاں بہکے پھرتے ہو؟	① کہو محبوبا: ہے تہاڈا کوئی شریک اجیہا کر کے پہلی واری پیدا، پیدا کرے دوبارا؟ ② کہو: اللہ ہے پہلی واری پیدا کر دکھلاوے فر اوہی ہے دوجی واری محشر روز اُٹھاوے ③ وت کتھے مُنہ چکی جاوو، (ہتھ ہوشی نوں مارو؟) (یعنی وچ گمراہی ہو کے کاہنوں رب وسارو)
35	قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى کہہ دیں، کیا تمہارا کوئی شریک ایسا ہے جو حق کی طرف رہنمائی کرتا ہے؟ کہہ دیں الْحَقِّ ۭ قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ۭ ۱ اللہ ہی حق کی رہنمائی کرتا ہے،	① کہو: شریک تہاڈا کہڑا حق دی راہ دکھلاوے؟ کہو: اللہ ہی ہے اک سچا حق دی راہ دکھلاوے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

	اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ اَمَّنْ تو کیا جو حق کی راہ دکھائے، وہ اتباع کا زیادہ حقدار ہے یا وہ جو خود راہ نہ لَّا يَهِدِّيْٓ اِلَّآ اَنْ يُّهْدٰى ۚ ۲ پائے جب تک اُسے راہ نہ دکھایا جائے؟ فَمَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ۝ ۳ تو تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ تم کیسا حکم لگاتے ہو؟	② کیا جو حق دی راہ وکھاوے لائق تابعداری؟ یاں اوہ جہڑا راہ نہ پاوے بِن ہدایت داری؟ ③ کی بیماری پئی تہانوں، (کیوں نہ عقل دوڑاؤ!) واحد ذات خدا وند بارے کیسا حکم لگاؤ؟
